# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ پاکستان سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1۔اپنی امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں۔خواہ اس کاعلم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

**مشقیں جمع کرانے کااوقات نامہ**

| 6کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |
| نوٹ:ٹیوٹوریل شیڈول(رہنمائے طلبہ)علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: مطالعہ پاکستان(PKST104) سمسٹر: خزاں2026

سطح: میٹرک

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک،ایف اے،بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب،سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر1

## یونٹ: 1تا4

**کل نمبر100** **کامیابی کے نمبر:40**

سوال نمبر:1 وادی سندھ کی تہذیب کے نمایاں خدوخال اور اس کے تاریخی آثار کے مطابق اس کی اہمیت بیان کریں۔ 20

سوال نمبر:2 گندھارا تہذیب کے اہم مراکز کا احوال بیان کریں اور بدھ مت کی ترویج واشاعت میں اس تہذیب کے کردار پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال نمبر:3 قلعہ لاہور کی تاریخی اور فوجی اہمیت پر روشنی ڈالیں اور مغل فن تعمیر کے شاہکار کے طور پر اس کی اہمیت بیان کریں۔ 20

سوال نمبر:4 پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت بیان کریں اور بین الاقوامی تعلقات اور تجارت میں اس محل وقوع کا کردار اُجاگر کریں۔ 20

سوال نمبر:5 پاکستان کی آب وہوا کے بنیادی خدوخال بیان کریں۔آب وہوا کے انسانی زندگی پر اثرات کا جائزہ لیں۔ 20

# امتحانی مشق نمبر2

## یونٹ: 5تا9

**کل نمبر100** **کامیابی کے نمبر:40**

سوال نمبر:1 پاکستان میں قدرتی آفات کے متاثرین کی بحالی کے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں۔ 20

سوال نمبر:2 پاکستان کے زرعی اور صنعتی وسائل کی نشاندہی کریں اور زرعی اور صنعتی وسائل کے استعمال میں مشکلات کا تجزیہ کریں۔ 20

سوال نمبر:3 پاکستان کی زرعی برآمدات اور درآمدات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر:4 پاکستان کی گھریلو اور چھوٹی صنعتوں کے مسائل بیان کریں۔ 20

سوال نمبر:5 پاکستان ریلوے کا تاریخی پس منظر بیان کریں۔ موجودہ دور میں اس کی اہمیت اور اس کے اہم منصوبوں پر روشنی ڈالیں۔ 20